سوال

(157)اٹھانا سبابہ کا تشہد میں کتب احادیث سے کب تک ثابت ہے

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ اٹھانا سبابہ کا تشہد میں کتب احادیث سے کب تک ثابت ہے ۔ بینوا توجروا

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

واضح ہو کہ اٹھانا سبابہ کا آخر تشہد تک کتب احادیث سے ثابت ہے جیسا محلی شرح موطا میں مرقوم ہے ۔

(ترجمہ) ''شافعی اور مالکی بعض ائمة سے منقول ہے کہ تشہد کے آخر تک پھر انگلی اٹھائے رکھے اور انہوں نے ابوداؤد کی حدیث سے استدلال کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے انگلی کو اٹھایا تو پھر اس کو حرکت دیتے رہے اور دعا کرتے رہے ۔ ابن حجر کہتے ہیں کہ مسنون ہے کہ تشہد کے آخر تک انگلی اٹھائے رکھے جبکہ ہمارے ائمہ سے منقول ہے اور بعض کہتے ہیں کہ اٹھانے کے بعد پھر اس کو نیچے کرے ۔ ملا علی قاری کہتے ہیں کہ پہلا قول معلول ہے کیونکہ اعادہ تب بھی ہوگا جبکہ اس کو نیچے رکھا جائے گا ۔ ابن حجر کہتے ہیں کہ انگلی اٹھائے تو کچھ جھکا کر قبلہ رخ رکھے ۔'' (سید محمد نذیر حسین)

فتاوی نذیریہ

جلد01